**28.11.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

..............................................................................

☆ بھارت نے بنگلہ دیش سے کہا ہے کہ وہ تمام اقلیتوں اور اُن کی عبادتگاہوں کی سکیورٹی اور تحفظ کو یقینی بنائیں۔

☆ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے لیڈر ہیمنت سورین نے جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے حکم دیا ہے کہ آلودگی کی روک تھام سے متعلق اقدامات گریپ چار دلّی NCR میں 2 دسمبر تک جاری رہے گا۔

☆ بھارت کا 55واں بین الاقوامی فلم فیسٹیول گوا میں رنگارنگ تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ Saule Biluvaite کی ہدایتکاری والی فلم Toxic کو گولڈن Peacock ایوارڈ ملا ہے۔

☆ اور پی وی سِندھو، اُنّتی ہوڈا اور Shriyanshi Valishetty لکھنؤ میں جاری سید مودی بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***RS Bangladesh***

بھارت نے بنگلہ دیش سے کہا ہے کہ وہ ہندووٗں اور تمام اقلیتوں اور اُن کی عبادت گاہوں کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ امور خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے راجیہ سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں کہا کہ بنگلہ دیش حکومت کی اوّلین ذمہ داری اقلیتوں سمیت بنگلہ دیش کے تمام شہریوں کی زندگی اور آزادی کی حفاظت کرنا ہے۔

***RS India Canada***

راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں وزارت خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے بتایا کہ بھارت اور کناڈا اپنے باہمی تعلقات پر ایک دوسرے کے ساتھ ربط میں ہیں۔ انھوں نے اِس بات پر زور دیا کہ ایک دوسرے کی تشویش، علاقائی سالمیت اور اقتدارِ اعلیٰ کا احترام مستحکم باہمی تعلقات کیلئے ضروری ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے بار بار کناڈا کی سرکار سے کہا ہے کہ وہ اُس کی سرزمین پر پنپنے والے بھارت مخالف عناصر کے خلاف جلد اور موثر کارروائی کرے۔x

### RS Israel Workers

حکومت نے کہا ہے کہ اسرائیل میں تقریباً 32 ہزار بھارتی ورکرس ہیں۔ ان میں سے 12 ہزار ورکر اکتوبر 2023 میں مغربی ایشیائی ملکوں کی سمت جاچکے ہیں۔ راجیہ سبھا میں ایک سوال کے تحریری جواب میں امور خارجہ کے وزیرِمملکت کیرتی وردھن سنگھ نے کہا کہ پچھلے سال نومبر میں باہمی فریم ورک معاہدے پر ہوئے دستخط کے بعد سے اِس سال چھ ہزار 365 بھارتی، اسرائیل جاچکے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ دیگر افراد پرائیویٹ ذرائع سے وہاں گئے ہیں۔x

### RS Punjab Fake Recruitments

سرکار نے آج کہا ہے کہ اِس سال اکتوبر تک ای-مائیگریٹ پورٹل پر ملک بھر سے مجموعی طور پر تین ہزار 94 نوکری فراہم کرنے والے غیرقانونی ایجنٹ نوٹیفائی کئے گئے ہیں۔راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں وزارتِ خارجہ کے وزیرِمملکت کِرتی وردھن سنگھ نے کہا کہ وزارت کو پنجاب میں کئی ٹریول ایجنٹوں کا پتہ چلا ہے جو ملک کے باہر روزگار دینے کی تقرری کے جواز نہیں ہیں اور وہ، یہ غیرقانونی کام کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ سائبر ڈومین میں بھارتی سائبر کرائم کوآرڈینیشن سینٹر، وزارتِ داخلہ اور ریاستی پولیس کے حکام کے ساتھ ملکر غیرقانونی طور پر نوکری فراہم کرنے والے ایجنٹوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔ پنجاب میں غیرقانونی نوکری فراہم کرنے والی ایجنسوں کے خلاف مجموعی طور پر 38 ایف آئی آر درج کئے گئے ہیں۔x

### RS Jaishankar UNSC

بھارت، اقوامِ متحدہ سلامتی کونسل کی توسیع کیلئے اقوامِ متحدہ کے رکن ممالک کی حمایت حاصل کرنے کی خاطر اصلاحات کے حامی دیگر ملکوں کے ساتھ مل کر کام کررہا ہے، کیونکہ بھارت توسیع شدہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کا مستقل ممبر بننے کا پوری طرح اہل ہے۔ یہ بات، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت توسیع شدہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت حاصل کرنے کو اولین ترجیح دیتی ہے۔

### Par Adjourned

پارلیمنٹ کے دونوں ایوان، ایک اہم تجارتی گروپ کے خلاف رشوت کے مبینہ الزامات سمیت کئی معاملوں پر اپوزیشن پارٹیوں کے شور وغل کی وجہ سے کل تک کیلئے ملتوی کردیئے گئے۔ پہلی التوا کے بعد دِن میں 12 بجے جب راجیہ سبھا کی کارروائی شروع ہوئی، کانگریس، بائیں بازو DMK، ٹی ایم سی، سماجوادی پارٹی، عام آدمی پارٹی اور دوسری پارٹیوں کے اپوزیشن ممبران نے اِن معاملوں کو اٹھانے کا سلسلہ جاری رکھا جس کی وجہ سے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔لوک سبھا میں بھی شور وغل جاری رہا۔ پہلی التوا کے بعد دن میں 12 بجے جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، اپوزیشن ممبران نے، ایوان کے وسط میں آکر نعرے بازی جاری رکھا، جس کی وجہ سے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے ایوان میں اپوزیشن کے اِس رویّے کی

مذمت کی ہے۔اِسی دوران، وقف ترمیمی بل 2024 سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کے چیئرمین جگدمبیکا پال نے اگلے سال کے بجٹ اجلاس کے آخری دن کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے کے تئیں وقت بڑھانے کیلئے ایک تحریک پیش کی۔ ایوان نے اِسے منظور کرلیا ہے۔ اِس سے پہلے کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی واڈرا اور رَوِندر وَسنت راؤ چوان نے لوک سبھا میں ممبران پارلیمنٹ کی حیثیت سے حلف لیا جو حال ہی کے ضمنی انتخابات میں جیت کر آئے ہیں۔x

### *Hemant Swearin In*

جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر لیڈر ہیمنت سورین نے آج چوتھی بار جھارکھنڈ کے وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔ گورنر سنتوش کمار گنگوار نے آج سہ پہر رانچی کے Morhabadi میدان میں جناب سورین کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ اِس موقع پر آئی این ڈی آئی اے بلاک کے کئی سینئر لیڈر موجود تھے۔ اِن میں کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے، لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی، مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ ممتابنرجی، دلّی کے سابق وزیر اعلیٰ اروند کجریوال اور کرناٹک کے نائب وزیر اعلیٰ ڈی کے شیو کمار شامل ہیں۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو، سینئر RJD لیڈر تیجسوی یادو اور CPIML کے جنرل سکریٹری دیپانکر بھٹاچاریہ بھی تقریب میں موجود تھے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے پر جناب سورین کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انھوں نے اپنی نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔

### *Jharkhan Special Assembly Session*

جھارکھنڈ اسمبلی کا ایک خصوصی اجلاس 9 دسمبر سے 12 دسمبر کے درمیان ہوگا۔ وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کی صدارت میں کابینہ کی پہلی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ کابینہ میٹنگ کے بعد جناب سورین نے کہا کہ اسٹیفن مرانڈی عبوری اسپیکر ہوں گے اور اِس اجلاس کے دوران ممبرانِ اسمبلی کو حلف دلایا جائے گا۔x

### *PM Culture*

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارتی تاریخ اور ثقافت کے تئیں عالمی سطح پر جوش وجذبے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارتی ثقافت عالمی سطح پر پسند کیا جاتا ہے۔ اپنے غیر ملکی دورے سے چند یادگار لمحوں کو شیئر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ہماری تاریخ اور ثقافت کے تئیں یہ جوش وخروش بیحد خوشی کا باعث ہے۔x

### *SC Delhi GRAP IV*

سپریم کورٹ نے آج گریڈیڈ ریسپونس ایکشن پلان گریپ کے اسٹیج چار کو 2 دسمبر تک جاری رکھنے کا حکم دیا ہے، جو فی الحال دلّی میں ہوا کے خراب معیار سے نمٹنے کیلئے جاری ہے۔ جسٹس ابھے ایس اُوکا اور جسٹس Augustine George مسیح پر مشتمل ایک بینچ نے یہ واضح کیا ہے کہ اسکول کو چھوڑ کر، گریپ چار کے تمام

اقدامات پیر تک جاری رہیں گے۔ بینچ نے کہا کہ دریں اثناء ہوا کے معیار کے انتظام سے متعلق کمیشن، گریپ کی پابندیوں کو ہٹانے پر فیصلہ کرنے کیلئے ایک میٹنگ کرے گا۔x

## NCAP Environment

2023-24 کے دوران 130 شہروں میں سے تقریباً 97 شہروں میں PM10 کی سطح کے اعتبار سے ہوا کے معیار میں بہتری آئی ہے۔ ایسا صاف ستھری ہوا کے قومی پروگرام کے تحت حکومت کی کوششوں کے سبب ہوا ہے۔ ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں بتایا کہ تقریباً 55 شہروں میں 2023-24 میں، 2017-18 کے مقابلے PM10 سطح میں 20 فیصد یا اِس سے زیادہ کی کمی ہوئی ہے۔ x

## Delhi Explosin

قومی راجدھانی کے پرشانت وہار علاقے میں آج ایک چھوٹے سے پارک کی چہار دیواری کے نزدیک کم شدت کا دھماکہ ہوا۔ اِس واقعے کی اطلاع ملنے کے بعد دلّی پولیس، فورینسک سائنس لیباریٹری کی ٹیم، آگ بجھانے والا عملہ اور ایمبولینس فوراً جائے واقعہ پر پہنچ گئے۔ دلّی پولیس کے PRO سنجے کمار تیاگی نے بتایا کہ ایک شخص بہت ہی معمولی طور پر زخمی ہوا، جسے فوراً اسپتال لے جایا گیا جہاں اُسے ابتدائی طبی امداد دیئے جانے کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ دھماکے کی وجہ معلوم کی جا رہی ہے۔

S/B: Sanjay Kumar Tyagi

## Nadda Delhi Govt

صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے آج آیوشمان بھارت پردھان منتری جَن آروگیہ یوجنا نافذ نہ کرنے کیلئے عآپ کی سربراہی والی دلّی سرکار کی سخت نکتہ چینی کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب نڈّا نے یہ کہتے ہوئے دُکھ کا اظہار کیا ہے کہ عآپ سرکار جان بوجھ کر اسکیم کو نافذ نہ کرکے شہر کے عوام کو اِس سے محروم کیا ہے۔x

## Goyal CII

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج بھارتی صنعت کی کنفیڈریشن CII کے Ease of doing Business اور انضباطی امور کے پورٹل کا آغاز کیا۔ یہ پورٹل مرکزی حکومت اور CII دونوں کی جانب سے Ease of doing Busness سے متعلق کیے جانے والے اہم اقدامات کی تازہ صورتحال فراہم کرے گا۔ نئی دلّی میں اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب گوئل نے صنعت کے نمائندوں سے زور دے کر کہا کہ وہ نظام کو بہتر بنانے کیلئے مستقل کوششیں کرتے رہیں۔

S/B: Goyal

جناب گوئل نے کہا کہ Jan Vishwas 2.0 بل کے تحت حکومت، مزید 300 قوانین کو ناقابل تعزیر بنانے کیلئے سرگرمی سے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے CII سے زور دے کر کہا کہ وہ اپنے ارکان کو حساس بنائیں اور قانون کے جذبے کا احترام کریں۔x

### TN Cyclone

جنوبی خلیج بنگال میں ہوا کے کم دباؤ کے شمال مغرب کی جانب بڑھنے کا امکان ہے اور یہ 30 تاریخ کی صبح Mahabalipuram اور پڈوچیری کے درمیان پار کر جائے گا۔ ریاست کے ساحلی ضلعوں میں مزید دو دن تک شدید بارش ہونے کی وارننگ جاری کی گئی ہے۔ محکمۂ موسمیات کے علاقائی سربراہ نے کہا ہے کہ سمندر میں اونچی لہریں اٹھیں گی اور بعض علاقوں میں تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ ماہی گیروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ 2 دسمبر تک سمندر میں نہ جائیں۔NDRF، SDRF اور ساحلی گارڈ کو چوکس کر دیا گیا ہے اور کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے انہیں تیار رکھا گیا ہے۔x

### Israel Ceasefire

اسرائیل اور لبنانی گروپ حزب اللہ کے درمیان کئی مہینے سے جاری شدید لڑائی کے بعد کل سے جنگ بندی شروع ہوگئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

VC- Vinod Kumar

60 دن کے جنگ بندی سمجھوتے میں کئی اہم نکات شامل ہیں۔ حزب اللہ کے جنگجو، اسرائیلی سرحد سے تقریباً 25 میل پیچھے ہٹ جائیں گے، جبکہ اسرائیلی فوج بھی لبنان کے علاقے سے پوری طرح چلی جائے گی۔ اِس خطے میں استحکام لانے کی غرض سے لبنان کی فوج، جنوبی خطے میں اقوام متحدہ قیامِ امن فوجیوں کے ساتھ اپنے 5 ہزار فوجیوں کو تعینات کرے گی اور جنگ بندی کے نفاذ کی نگرانی کیلئے ایک کثیر ملکی کمیٹی بھی تعینات کی جائے گی۔ اِس جنگ بندی سے تقریباً 60 ہزار اُن اسرائیلیوں کو فوری طور پر راحت ملی ہے، جو شمالی علاقوں سے اپنے گھر بار چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔ اُدھر لبنانی سویلین نے بھی راحت کی سانس لی ہے، جو لڑائی کے دوران اپنا گھر چھوڑ کر چلے گئے تھے۔

اِس جنگ بندی کے بعد اسرائیل اب غزہ میں صورتحال پر اپنی فوجی کارروائیاں مرکوز کرسکتا ہے، جبکہ لبنان کو اپنی داخلی سلامتی کو مستحکم کرنے کا ایک موقع فراہم ہوا ہے۔ اس جنگ بندی کی کامیابی کا انحصار، اِس بات پر ہے کہ دونوں فریق اپنے عہد کی کتنی پاسداری کرتے ہیں۔ جنگ بندی کا خیر مقدم کیا جانا چاہیے لیکن اِس کا نتیجہ، خطے میں مجموعی امن کی شکل میں ظاہر ہو اور اسرائیل اور فلسطین کے درمیان دو ملکی حل کیلئے راستہ ہموار ہو تاکہ پائیدار امن قائم ہو اور علاقائی معیشت مستحکم ہوسکے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں آفتاب احمد

## Israel ICC Appeal

اسرائیل نے بین الاقوامی فوجداری عدالت ICC سے وزیراعظم بنجامین نیتن یاہو اور سابق وزیردفاع Yoav Gallant کے خلاف گرفتاری کے وارنٹ کو معطل کرنے کی اپیل کی ہے۔ یہ دونوں مغربی ایشیائی خطے میں جاری تنازع کے دوران جنگی جرائم کے ملزم ہیں۔ اسرائیل کی سرکار نے یہ کہتے ہوئے ICC کے دائرۂ اختیار اور جاری وارنٹ کی قانونی حیثیت پر اعتراض کیا ہے کہ وہ اسرائیل کے خلاف جانبدار ہے۔ امریکہ اور فرانس نے گرفتاری کے وارنٹ کی مذمت کی ہے جبکہ برطانیہ اور کناڈا نے اس پر عملدرآمدگی کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔x

## Russia Ukraine

خبر ملی ہے کہ روس کی جانب سے کل رات یوکرین کی توانائی کے گرِڈ پر ایک بڑے حملے کے بعد یوکرین میں 10 لاکھ سے زیادہ لوگ بجلی سے محروم ہوگئے ہیں۔ یوکرین کے تین مغربی خطوں سمیت کم از کم 12 علاقے متاثر ہوئے ہیں اور توانائی کے وزیر Herman Halushchenko نے کہا ہے کہ بجلی کی سپلائی میں ہنگامی طور پر کٹوتی شروع کر دی گئی ہے۔ Odesa، Kharkiv اور Lutsk سمیت کئی شہروں میں دھماکے کی خبر ملی ہے۔ اس دوران روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے کہا ہے کہ یوکرین کے خلاف میزائل حملے، یوکرین کی جانب سے مغربی ملکوں کے ہتھیاروں کے استعمال کے خلاف جوابی کارروائی ہے۔ قزاخستان کے اپنے دورے کے دوران انہوں نے کہا کہ روسی علاقے پر سُپر سونکس بیلیسٹک ATAOCMS میزائلوں سے جاری حملے کے خلاف یہ کارروائی کی گئی ہے۔x

## India Russia Military

فوجی اور فوجی تکنیکی تعاون سے متعلق بھارت-روس بین حکومتی کمیشن کے تحت فوجی تعاون سے متعلق ورکنگ گروپ کی چوتھی میٹنگ روس کے شہر ماسکو میں کامیابی کے ساتھ ختم ہوئی۔ وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ یہ میٹنگ دونوں ملکوں کے درمیان طویل عرصے سے جاری کلیدی شراکت داری کو آگے بڑھانے میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ میٹنگ میں دونوں ملکوں کی افواج کے درمیان کارروائی جاتی تعلقات کو مزید ہم آہنگ کرنے کیلئے مشترکہ مشقوں میں توسیع پر رضامندی ہوئی ہے۔x

## IFFI

Saule Biluvaite کی ہدایتکاری والی فلم Toxic کو آج بھارت کے 55ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول میں گولڈن Peacock ایوارڈ ملا ہے۔ گوا میں پنجی کے ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی انڈور اسٹیڈیم میں جاری اختتامی تقریب میں Clement Faveau کو بہترین کارکردگی کیلئے مردوں کے زمرے میں بہترین اداکار اور خواتین کے زمرے میں Vesta Matulyte اور Leva Repuikaite کو فلم Toxic میں عمدہ کارکردگی کیلئے مشترکہ طور پر بہترین اداکارہ کا ایوارڈ ملاہے۔

بھارتی سیکشن میں نوجوت Bandiwadekar کو بھارتی فیچر فلم Gharat Ganpati کیلئے بہترین

Debut ڈائریکٹر کا انعام ملا جبکہ بہترین ویب سیریز OTT ایوارڈ Lampan کو ملا۔ فیسٹیول میں وکرانت Massey کو سال کی بھارتی فلمی شخصیت قرار دیا گیا۔

اختتامی تقریب کا آغاز مامے خان کی عمدہ پیشکش سے شروع ہوا، اُس کے بعد اَرمان ملک نے اپنے بہترین نغموں سے سامعین کو محظوظ کیا۔

اختتامی تقریب میں گوا کے وزیر اعلیٰ پرمود ساوَنت، اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو اور مدھور بھنڈارکر، رمیش Sippy، آشوتوش گواریکر، رشمیکا مندانا، شریا شرن، روپالی گانگولی اور جیاپردا جیسی بھارتی فلم صنعت کی ممتاز شخصیتیں موجود تھیں۔x

## *Rev Syed Modi Tournament*

بیڈمنٹن میں پی وی سِندھو، پی وی سِندھو، اُنّتی ہوڈا اور Shriyanshi Valishetty لکھنؤ میں جاری سید مودی انڈیا انٹرنیشنل 2024 سوپر 300 ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ پی وی سندھو نے اِیرا شرما کو اکیس-دس، بارہ-اکیس، اکیس-پندرہ سے شکست دی۔

ایک دوسرے میچ میں اُنّتی ہوڈا نے تھائی لینڈ کی Pornpicha Choeikeewong کو اکیس-اٹھارہ، بائیس-بیس سے ہرا کر کوارٹر فائنل میں اپنی جگہ کو یقینی بنالیا ہے۔

Shriyanshi Valishetty نے دوسرے درجے کے کھلاڑی Malvika Bansod کو اکیس-بارہ، اکیس-پندرہ سے شکست دی۔

مردوں کے سنگلز میں بھارت کے لکشیہ سین، Meiraba Luwang Maisnam اور آیوش شیٹی بھی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆